اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى خَاتَمِ النَّبِيّٖنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ط بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

12 محرم شریف 1448ھ	فیضان مدینہ کراچی	27، جون 2026ء

سوال: زلزلہ آنے کی صورت میں کیا احتیاط کی جائے؟

جواب: زلزلہ آئے تو فوراً کسی میدان میں چلے جائیں، عمارت کے اندر یا قریب میں نہ رہیں، اس میں بچنے کی زیادہ صورتیں ہیں، زلزلے کا اصل سبب لوگوں کے گناہ ہیں، زلزلہ آئے تو اِستغفار کریں (اَسْتَغْفِرُ اللہ پڑھیں)۔ گھر کی دیوار پر "یَا ظَاهِرُ" لکھ کر لگا دیں تو وہ گرنے سے بچی رہے گی۔ (زلزلے سے حفاظت کے علاوہ اور بھی اس کے فوائد ہیں)۔

سوال: سفرِ مدینہ کے لیے کوئی وظیفہ بتا دیں؟

جواب: دُرود شریف پڑھتے رہیں، ان شاء اللہ الکریم سرکار صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا کرم ہو گا۔ جب بُلایا آقا نے خود ہی اِنتظام ہو گئے۔

سوال: حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ کو **جنّتیوں کا سردار کیوں** کہتے ہیں؟

جواب: تمام اَنبیا کے سردار حضرت محمد مصطفےٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم کا ارشاد ہے: اَلْحَسَنُ وَالْحُسَيْنُ سَيِّدَا شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ "یعنی حَسن اور حُسین جنّتی جوانوں کے سردار ہیں۔ (ترمذی، 5/426، حدیث: 3793) جنّت میں کوئی بھی بوڑھا نہیں ہو گا بلکہ سب بوڑھے اور بچّے جنّت میں 30 سال کے جوان ہوں گے۔ (ترمذی، 4/254، حدیث: 2571)

حسنینِ کریمین (حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما) **جوانی میں فوت ہونے والے اہلِ جنت کے سردار ہیں** ورنہ جنت میں تو سبھی جوان ہوں گے۔ (مراٰۃ المناجیح، 8/475 ملخصاً)

سوال: جوانی کی عمر کتنی ہے؟

جواب: جوانی کی عمر ہجری سن (اسلامی سال) کے حساب سے **18 سے 30 سال تک** ہے ۔اس کے بعد اُدھیڑ عمر شروع ہو جاتی ہے۔

سوال: گھر سے نکلتے وقت کون سی دعا پڑھنی چاہئے؟

جواب: گھر سے باہر نکلتے ہوئے بِسۡمِ اللّٰہ تَوَکَّلۡتُ عَلَی اللّٰہِ لَاحَوۡلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہ ایک مرتبہ اور یَا حَفِیۡظُ یَا سَلَامُ 11 مرتبہ پڑھ لیں ، یہ اللہ پاک کے نام ہیں ، ان کے پڑھنے سے حفاظت و سلامتی حاصل ہو گی۔ مَیں یہ دعا بھی پڑھتا ہوں: اَللّٰھُمَّ سَلِّمۡنِی وَسَلِّمۡ مِنِّی یعنی اے اللہ مجھے سلامتی عطا فرما اور میری طرف سے دوسروں کو خیر پہنچے۔

سوال: کون سے جاندار غذا ذخیرہ (یعنی جمع) کرتے ہیں؟

جواب: انسان، چیونٹی اور چُوہا۔

سوال: چیونٹیوں کو بغیر کسی وجہ کے مارنا کیسا؟

جواب: چیونٹیاں بھی اللہ پاک کی مخلوق ہیں جو اللہ پاک کا ذِکر کرتی ہیں اِنہیں بِلاوجہ نہیں مارنا چاہیے۔ ہاں! اگر کاٹتی ہوں تو اپنے سے ضرر دُور کرنے کے لیے انہیں مار سکتے ہیں ۔اَلبتہ جہاں مارنے کے بجائے ہٹانے سے کام چل سکتا ہو تو پھر انہیں نہ مارا جائے مثلاً اگر کپڑوں یا بدن وغیرہ پر چڑھ گئیں تو کپڑے کو جھاڑنے یا پھونک مارنے کے ذریعے بھی اِنہیں دُور کیا جا سکتا ہے۔ یہ بہت ہی نازک ہوتی ہیں، بعض لوگ انہیں بڑی بے دردی کے ساتھ پکڑتے یا بِلاوجہ جھاڑو وغیرہ سے ہٹاتے ہیں جس سے یہ فوراً مر جاتی ہیں یا پھر سخت زخمی ہو کر تڑپتی رہتی ہیں ایسا نہیں کرنا چاہیے۔

سوال: دعوتِ اسلامی کا بڑا اجتماع پہلے کتنے دن کا ہوا کرتا تھا؟

جواب: دعوتِ اسلامی کے شروع میں **2 دن کا اجتماع ککری گراؤنڈ، ڈی مارکیٹ کراچی میں بڑا اجتماع ہوا تھا، اس کے بعد بھی ہوا، کورنگی (کراچی) میں بھی ہوا، پھر ملتان منتقل ہوگیا۔** اجتماعات میں کھانے کے اسٹال لگائے جاتے تھے، اسلامی بھائی خرید کر کھانا کھاتے تھے، مَیں مختلف علاقوں کے اسلامی بھائیوں کے کیمپوں میں جاتا اور اسلامی بھائیوں کی حوصلہ افزائی کرتا تھا، اجتماع کے بعد مختلف علاقوں اور شہروں سے آنے والے قافلے واپس چلے جاتے تو ان کے نگران و ذمہ داران کو مکتوب (Letter) بھیجتا تھا کہ ساتھ آنے والے اسلامی بھائیوں کو بھول نہ جائیں بلکہ رابطے میں رہیں، اجتماع میں شرکت پر ان کا شکریہ ادا کریں، مسلسل رابطہ رکھیں حتی کہ وہ دعوتِ اسلامی کے دینی کام کرنے والے بن جائیں۔ مَیں نے بہت خط (Letter) لکھے ہیں، جو مکتوبات کی کتاب (مکتوباتِ عطار) شائع ہوئی ہے وہ تو اس کا عُشرِ عَشیر یعنی سَوواں حصہ ہے۔

سوال: بڑے اجتماع کی تیاری کے لیے آپ کا دعوت دینے کا کیا انداز ہوتا تھا؟

جواب: دعوتِ اسلامی کے شروع میں **2 دن** کے اجتماع کی دعوت کے لیے ایک دوماہ پہلے **کراچی سے قافلے کا آغاز** کرتے تھے پہلا اسٹاپ حیدرآباد ہوتا تھا پھر سفر کرتے کرتے **پشاور تک جاتے تھے۔**

سوال: اِس ہفتے کا رِسالہ "**شانِ صحابہ و اہلِ بیت**" پڑھنے یا سُننے والوں کو امیر اہل سنت دامت برکاتہم العالیہ نے کیا دُعا دی؟

جواب: یا اللہ پاک! جو کوئی 16 صفحات کا رسالہ "**شانِ صحابہ و اہلِ بیت**" پڑھ یا سُن لے اس کو صحابہ و اہلِ بیت کے فیضان سے مالا مال کر اور اس کو ماں باپ سمیت بے حساب بخش دے۔ اٰمِین بِجَاہِ خاتَمِ النَّبِیّٖن صلَّی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلَّم